سوشل ویلفئیر کمیٹی لیٹی

شرائط و ضوابط

1 : ممبر شپ ملنے کے بعد 3 سال تک کسی ممبر کو اختلافی رائے کی صورت میں رقم کی واپسی کے مطالبے کا حق نہیں دیا جائے گا.

2 : تین سال کے زائد عرصہ کے بعد ممبر کو ماہانہ قسط کی صورت میں رقم کی واپسی کی جائیگی، جس کا فیصلہ کمیٹی صدر اور ارکان کریں گے، اور اس میں پہلے والے 3 سال شامل نہیں ہوں گے

3 : ہر فوتگی والے ممبر کو مختص رقم (50000) کی لمٹ کے اندر تین دن کا کھانا کمیٹی دے گی،
جس کا مینو اجلاس میں مشورے سے طے کیا گیا ہے
پہلے دن چکن
دوسرے اور تیسرے دن چنا، دال میں سے کچھ پکایا جائے گا..
دکان کا سامان، آٹا گوندھائی اور روٹی پکائی کا خرچہ،
بجری، ریت اور قبر کی ٹائیل کا خرچ بھی کمیٹی کے زمہ ہوگا
جبکہ
آٹا، لکڑی اور دودھ کی زمہ داری ہر ممبر کی اپنی ہوگی.
اور ہر ممبر پر اس کی پابندی لازم ہوگی..

4 : کمیٹی کا سامان صرف فوتگی، نکاح شادی، ختنہ، ختم شریف یا کسی گھریلو اجتماعی تقریب کے لئے استعمال کی اجازت ہوگی، کسی بھی انفرادی سرگرمی مثلاً گھریلو کام کاج کے لیے مدعو کئے گئے بندوں، سیاسی جلسہ جلوس، عام اجتماعی اکٹھ، مذہبی تہوار یا جلسہ تقریب میں استعمال پر قطعی طور پر پابندی ہوگی.

5 : کمیٹی کا سامان بحفاظت استعمال کرنا ہو گا اور طے شدہ ٹائم پر واپسی کو یقینی بنانا ہوگا، سامان کی ٹوٹ پھوٹ یا کمی بیشی کی زمہ داری سامان لے جانے والے پر ہوگی جو بروقت رقم کی صورت میں یا متبادل سامان کی صورت میں پوری کی جائے گی اور کمیٹی کو بتایا جائے گا. اس کے علاوہ پنکھے، لائٹ اور بورڈ وغیرہ طے کردہ طریقہ کار اور موقع کے علاوہ زیر استعمال نہیں لائے جائیں گے اور خراب ہونے کی صورت میں ٹھیک کروانے ہوں گے.

6 : کمیٹی کا سامان اور قبر والے پتھر صرف رجسٹر شادی شدہ گھرانہ کے اہل خانہ کو دیئے جائیں گے، اس کے علاوہ کسی کو نہیں دیئے جائیں گے اور اس کی پابندی بھی سب پر لازم ہوگی.

7 : فوتگی ہونے کی صورت میں قبر کی کھدائی کے لیے ہر گھر سے ایک بندے کی شرکت لازمی ہو گی اور جو گھر والے خود کسی وجہ سے نہیں آ سکیں گے وہ قبر کھدائی کے لیے ایک بندہ فراہم کریں گے

8 : کمیٹی ممبران میں شامل گھر کے سربراہ کی کفالت میں جو لوگ شامل ہوں گے ان میں سربراہ کی بیوی، بچے اور بہن بھائی شامل ہوں گے.

9 : کمیٹی ممبر کے بچے اور بہن بھائی جب تک شادی شدہ نہیں ہوں گے اس وقت تک فیملی کفالت میں شامل ہوں گے اور مکمل حصہ دار ہوں گے، صرف نکاح نہیں بلکہ رخصتی لازم ہو گی.

10 : کسی بھی ممبر کی زاتی رائے کو ایک تہائی اکثریت سے قبول کرنے کی اجازت کمیٹی ممبران کو ہوگی، زبردستی بات منوانے کی کوشش قابل قبول نہیں ہوگی.

11 : جب سامان مکمل کر لیا جائے گا تو سامان کی لسٹ ہر بندے کے پاس موجود ہوگی اور سامان زمہ دار ہر 3 ماہ بعد سامان کی رپورٹ دے گا تاکہ سامان کی حفاظت اور کمی بیشی کو یقینی بنایا جا سکے.

12 : وقت کی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے اگر شرائط و ضوابط میں کوئی تبدیلی کی گئی یا کوئی نئی شرط شامل کی گئی تو اسے باقاعدہ شرائط رجسٹر میں لکھا جائے گا اور سب ممبران کے دستخط لئے جائیں گے.

13 : 1 یا ایک سے زائد ممبر اگر کسی وجہ سے کمیٹی چھوڑ کر جانا چاہیں تو کم از کم 3 ماہ پہلے تحریری طور بذریعہ درخواست کمیٹی صدر کو بتایا جائے گا اور ان کو کمیٹی کی پالیسی نمبر 2 یعنی تین سال والی پالیسی کے تحت کمیٹی چھوڑنے کی اجازت ہوگی، ان کی ٹوٹل جمع شدہ رقم میں سے پہلے 3 سال کے رقم ادا کئے بغیر بقیہ عرصہ کی جمع شدہ رقم ماہانہ قسط کی صورت میں کمیٹی ممبران ادا کریں گے، جس کی زمہ داری صدر پر ہو گی.

سوشل ویلفیئر کمیٹی لیٹی

شرائط و ضوابط

14 : پہلے سے کمیٹی میں موجود سربراہ کے اگر کسی بچے کی شادی ہو گئی تو اس کی انٹری فیس 5000 روپے ہوگئی، وہ شادی کے اگلے ماہ میں جمع کروانا لازم ہوگی اور باہر سے نئے ممبر کے لیے انٹری فیس 15000 روپے ہوگئی اور اس کو شامل کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کمیٹی صدر اور ممبران مشورہ کریں گے.
کوئی بھی بندہ زاتی حیثیت میں کسی کی انٹری کرانے کا مجاز نہیں ہوگا (بذریعہ ووٹ اکثریت کی وضاحت ہوگی)

15 : کمیٹی کا اجلاس ہر تین یا پانچ ماہ بعد ہوگا اور تمام ممبران اس میں شرکت کو یقینی بنائیں گے اس کے علاوہ کسی ضروری کام یا مشورہ کے لیے بھی اجلاس بلایا جا سکے گا اور سہ ماہی اجلاس میں تمام ممبران اپنا بقایا رہنے والا کمیٹی فنڈ ساتھ لائیں گے جو کمیٹی فنڈ میں جمع ہو جائے گا.
ایڈوانس سالانہ فنڈ جمع کروانے کی اجازت ہوگی مگر لیٹ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی.

16 : کمیٹی ممبران میں سے اگر کوئی شخص بے اولاد ہوگا تو خدانخواستہ میاں بیوی میں سے کسی ایک کے فوت ہو جانے کی صورت میں جو ایک زندہ ہو گا وہ بدستور کمیٹی کا حصہ رہے گا اور مکمل طور پر رقم اور سامان کے استعمال کا حق دار ہوگا البتہ اگر بیوہ اکیلی رہ گئی ہو تو اس سے ماہانہ فنڈ نہیں لیا جائے گا جبکہ مرد کے لیے ماہانہ فنڈ ادا کرنا ضروری ہوگا اور وہ کمیٹی ممبر کے طور پر شامل رہے گا.

17 : کمیٹی ممبران میں سے اگر کسی کے والدین زندہ ہیں تو وہ الگ ممبران شمار ہوں گے لیکن خدانخواستہ اگر ان دونوں میں سے کسی کی موت واقع ہو جاتی ہے تو زندہ سلامت شخص یعنی (والد یا والدہ) بدستور ممبر شمار ہوں گے. مرد ممبر فنڈ ادا کرے گا جبکہ بیوہ سے فنڈ نہیں لیا جائے گا.

18 : کوئی بھی ممبر خرابی یا انتشار کی وجہ نہیں بنے گا اور جان بوجھ کر ایسا کرنے والے ممبر کو وارننگ دی جائے گی، پھر بھی باز نہ آنیوالے ممبر کو کم از کم ایک چوتھائی ارکان کے مشورہ سے کمیٹی سے حقوق دیکر نکال دیا جائے گا.

19 : دوران استعمال کسی سامان کا ناکارہ یا ناقابل استعمال ہونے پر باقاعدہ کمیٹی سے اجازت لے کر فروخت یا ضائع کیا جائے گا، کسی ایک فرد ایسا کرنے کی اجازت نہیں ہوگی

20 : تمام سامان کو زمہ داران کے ساتھ مل جل کر صاف ستھرا رکھنے میں امداد کرنا ہوگی، اگر کبھی زیادہ کام کی ضرورت پیش آئی تو مدد کے لیے ہر گھر کے سربراہ کو 1 عدد بندہ فراہم کرنا ہوگا.

21 : ایک سال پورا ہونے کے بعد کمیٹی کی سالانہ خرچ اخراجات کی تفصیل تمام کمیٹی ممبران کے سامنے پیش کی جائے گی، جس کی زمہ داری صدر پر ہوگی.

23 : بے اولاد کمیٹی ممبران دونوں کی فوتگی کی صورت میں کمیٹی فوتگی والے تین دن کے کھانے پینے کے اخراجات اور تدفین کی ساری زمہ داری اٹھائے گی.

23 : کمیٹی ممبران میں سے اگر خدانخواستہ کسی ممبر کی حادثہ وغیرہ یا لاعلاج مرض میں مستقل معذوری ہو جاتی ہے جو اس کے شناختی کارڈ پر درج ہو تو اسے کمیٹی فنڈ دینے سے استثنی حاصل ہوگا البتہ وہ کمیٹی کا ممبر بدستور اور تاحیات رہے گا اور تمام حقوق بمعہ رقم حقدار ہوگا.

24 : اس کے علاوہ اگر کوئی نئی صورتحال سامنے آئے گی تو موقع کی مناسبت سے دو تہائی ممبران کی رائے سے مسئلے کا حل نکالا جائے گا

25 : کمیٹی زمہ داران کے ساتھ خصوصی تعاون کرنا ہوگا، کسی بھی قسم کی ناراضگی کو کمیٹی کے معاملات میں دخل اندازی کی اجازت نہیں ہوگی.

26 : وقت ضرورت کمیٹی کے دیئے گئے عہدیداراں صدر ، زمہ دار سامان، کیشیر وغیرہ کو تبدیل کیا جا سکے گا. جس پر کسی کو اعتراض نہیں ہوگا اور یہ تبدیلی بھی کمیٹی ممبران دو تہائی اکثریت کے مشورہ سے ہوگی۔

(نوٹ)
یہ تمام شرائط 30 مارچ 2025 کے اجلاس میں کمیٹی ممبران کی باہمی مشاورت سے طے کئی گئیں ہیں..
مندرجہ بالا تمام 26 شرائط اچھی طرح پڑھ لینے کے بعد میں سوشل ویلفیئر کمیٹی میں شمولیت اختیار کرتا ہوں اور ان تمام شرائط پر کاربند رہنے کا پابند ہوں گا اور بعد میں کسی قسم کا عذر پیش نہیں کروں گا..

سوشل ویلفئیر کمیٹی لیٹی

دستخط ممبران کمیٹی

سوشل ویلفئیر کمیٹی لیٹی

پہلا اجلاس

30 مارچ 2025 بروز اتوار 29 رمضان المبارک کو کمیٹی کا پہلا اجلاس منعقد ہوا جس میں کمیٹی کی باڈی تشکیل دی گئی اور کمیٹی کے شرائط و ضوابط پر بات ہوئی..
اور تمام ممبران کے مشورے سے مندرجہ ذیل افراد کو کمیٹی کی زمہ داریاں دی گئیں..

1- کمیٹی صدر : ارشد محمود
2- سامان ذمہ دار : حاجی رفیع الدین
3- قبر پتھر ذمہ دار : حاجی غلام محی الدین
4- کیش جمع ذمہ دار : عادل رفیع

ممبران مشورہ
1- حاجی غلام محی الدین
2- محمد زاہد
3- محمد خان
4- محمد ادریس